سمعی مہارت کی مشقیں

مشق 11

متن

آمنہ بٹیا کو کچھ دنوں سے ایک شکایت محسوس ہو رہی ہے۔ انہیں اسکول میں تختہ سیاہ پر لکھی ہوئی تحریر پڑھنے میں مشکل ہوتی ہے۔ وہ کلاس کے نوٹس بورڈ پر لگی ہوئی معلومات بھی نہیں پڑھ پا رہیں۔ آمنہ نے امی جان کو اپنا مسئلہ بتایا تو امی جان انہیں آنکھوں کی ڈاکٹر کے پاس لے گئیں۔ ڈاکٹر صاحبہ نے آمنہ کی آنکھوں کا معائنہ کیا اور بتایا کہ ان کی دور کی نظر خراب ہو رہی ہے۔ ڈاکٹر صاحبہ نے آمنہ کے لیے چشمہ تجویز کیا اور ان سے کہا کہ کلاس میں آگے والی بینچ پر بیٹھیں۔ امی جان نے گھر آکر آمنہ کے لیے گاجروں کے رس کا ایک گلاس تیار کیا اور اس کے علاوہ آمنہ کو ایک دعا بھی سکھائی جو آمنہ نے یاد کر لی۔

سوالات

سنیے اور خالی جگہیں پر کیجیے: (10)

آمنہ کو کچھ دنوں سے ایک ______ محسوس ہو رہی ہے۔ انہیں اسکول میں تختہ ______ پر لکھی ہوئی تحریر پڑھنے میں ______ ہوتی ہے۔ وہ کلاس کے نوٹس بورڈ پر لگی ہوئی معلومات بھی نہیں ______ پا رہیں۔ آمنہ نے امی جان کو اپنا ______ بتایا تو امی جان انہیں آنکھوں کے ڈاکٹر کے ______ لے گئیں۔ ڈاکٹر صاحبہ نے آمنہ کی ______ کا معائنہ کیا اور بتایا کہ ان کی دور کی نظر ______ ہو رہی ہے۔ ڈاکٹر صاحبہ نے آمنہ کے لیے ______ تجویز کیا اور ان سے کہا کہ کلاس میں آگے والی بینچ پر بیٹھیں۔ امی جان نے ______ آکر آمنہ کو ایک دعا بھی سکھائی جو آمنہ نے یاد کر لی۔

سنیے اور درست جوابات پر نشان لگائیے۔ (10)

ا۔ آمنہ کو کچھ ______ سے ایک شکایت محسوس ہو رہی ہے۔

گھنٹوں دنوں ہفتوں

۲۔ انہیں تختہ سیاہ پر لکھی ہوئی تحریر ۔۔۔۔۔۔ میں مشکل ہوتی ہے۔

سننے دیکھنے پڑھنے

۳۔ وہ کلاس کے نوٹس بورڈ پر لگی ہوئی ۔۔۔۔۔۔۔ بھی نہیں پڑھ پاتیں۔

اشکال معلومات دعائیں

۴۔ آپی نے امی جان کو اپنا ۔۔۔۔۔۔۔ بتایا۔

مسئلہ حل کام

۵۔ امی جان انہیں ۔۔۔۔۔۔۔ کے ڈاکٹر کے پاس لے گئیں۔

کانوں دانتوں آنکھوں

۶۔ ڈاکٹر صاحبہ نے آپی کی آنکھوں کا ۔۔۔۔۔۔ کیا اور بتایا۔

مساج معائنہ علاج

۷۔ ان کی ۔۔۔۔۔ نظر خراب ہو رہی ہے۔

دور کی قریب کی آنکھوں کی

۸۔ ڈاکٹر صاحبہ نے آپی کے لیے ۔۔۔۔۔۔ تجویز کیا۔

علاج معائنہ چشمہ

۹۔ امی جان نے گھر آکر ۔۔۔۔۔۔ کو ایک دعا بھی سکھائی۔

ہم آپی سب

۱۰۔ آپی نے _ _ _ _ _ یاد کرلی۔

دوا دعا تجویز

سننے کی مشق کے بعد بات چیت

کیا آپ کے گھر میں کسی کی دور کی یا قریب کی نظر خراب ہے؟ وہ اس کے لیے کیا علاج کرتے ہیں؟

آنکھوں کی حفاظت کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

****